تنویر حرم

شاہ فریدالحق فرید عمادی عظیم آبادی

تنویرِ حرم

(نعتیہ مجموعہ)

زائرِ حرم فریدِ عصر پیرِ طریقت

حضرت مولانا سید شاہ فرید الحق فریدؔ عمادی عظیم آبادی

سجادہ نشیں خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ

بہار (ہند)

• ناشر •

ادارۂ رشیدیہ، خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ۸۰۰۰۰۸

اطلاعات

© جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	:	''تنویر حرم''
نتیجۂ فکر	:	حضرت مولانا سید شاہ فرید الحق فریدؔ عمادی عظیم آبادی
کمپیوٹر کمپوزنگ	:	ڈی ٹی پی کمپیوٹرس، کاظمی بیگم کمپاؤنڈ، پٹنہ سیٹی ۸۰۰۰۰۸
سال اشاعت	:	اگست ۲۰۰۰ء
تعداد اشاعت	:	۵۰۰ (پانچ سو)
ضخامت	:	۱۶۰ صفحات
مطبع	:	کراؤن آفسٹ، سبزی باغ، پٹنہ ۴
جزوی مالی تعاون	:	بہار اردو اکاڈمی، پٹنہ
قیمت	:	ستّر روپے (Rs.70=00)
ناشر	:	''ادارۂ رشیدیہ''

خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ۔ ۸

فون 641066 - (0612)

عرض ناشر

''ادارہ رشیدیہ'' نے طویل عرصے کے بعد طباعت واشاعت کے میدان میں پھر سے قدم رکھا اور اس کی ابتدا فریدِ عصر پیر طریقت حضرت مولانا و مرشدنا سید شاہ فرید الحق فریدؔ عمادی عظیم آبادی سجادہ نشیں خانقاہ عمادیہ قلندریہ کے نعتیہ مجموعہ ''تنویر حرم'' کی اشاعت سے کر رہا ہے۔ کافی عرصے تک ادارہ کے پاس حضرت صاحب سجادہ مدظلہٗ العالی کا یہ مجموعہ رکھا رہا، دو بار کتابت ہوئی لیکن انہیں پسند نہ آئی۔ آخر کمپیوٹر کی کتابت جب پیش کی گئی تو آپ نے پسند فرمایا اور طباعت کا مرحلہ شروع ہوا۔

اس مجموعے کی اشاعت کے سلسلے میں ادارہ بے حد شکر گزار ہے جناب سید سعید رضا گہرؔ کا کہ انہوں نے اپنی عدیم الفرصتی کے باوجود کمپوز شدہ پروف کی نظر ثانی فرمائی اور اشاعت و ترتیب کے سلسلے میں مفید مشورے دیے اور ساتھ ہی ساتھ قابل صد ستائش و تحسین ہیں جناب ظفر عالم عرف منور صاحب (کراؤن آفسٹ، سبزی باغ، پٹنہ) کہ انہوں نے طباعت کے سلسلے کی تمام تگ و دو اور کاوشیں اپنے ذمہ لے لیں اور اس ذمہ داری کو بڑے حسن و خوبی سے انجام دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کی طباعت کے لیے جن لوگوں نے بھی ساتھ دیا ہے ان کے لیے بس اتنی دعا کی جا سکتی ہے کہ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں یہ مجموعۂ نعت پاک جس وقت قبول ہو، ساتھ ہی ساتھ ان حضرات کی عقیدت اور محنتیں بھی مقبول ہو جائیں تو دنیا و آخرت کی سربلندی کے لیے کافی ہوگا۔ اور نعتیہ مجموعے کے صدقے اللہ تبارک و تعالیٰ ادارہ رشیدیہ اور اس کے افراد کو ترقی و کامیابی عطا فرمائے۔

ادارہ

قطعۂ تاریخ طباعت

از

سید شاہ محمد طلحہ رضوی برؔق چشتی نظامی

محمدؐ مصطفیٰ کی نعت لکھنا
یہ زادِ آخرت رب کی قسم ہے

عماد الدین شہ کا "سیدھا رستہ"
نبی کا فیض اس پر ہر قدم ہے

فرؔیدِ باصفا نے جمع کر لیں
وہ نعتیں جن میں پنہاں کیف و کم ہے

خدا کا شکر ہے زیرِ طباعت
خوشی اس کی مجھے بھی دم بدم ہے

اشاعت پر کہا اے برؔق دل نے
"گل افشانیٔ تنویرِ حرم ہے"

۱۴۲۱ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفے چند

یارب نِگہ عنایت ایدھر کردو
کانٹا ہے عماد تم گل تر کردو
ہے رنگ گنہ سیتی رُخ اس کا کالا
تم غازۂ عفو سیں منوّر کردو

شمالی ہند میں اردو کا دبستان عظیم آباد اس لحاظ سے بے حد اہم ہے کہ یہاں بھی اردو زبان وادب کی میراث کسی بھی دوسرے دبستان ادب اردو سے کم قدیم نہیں۔ شاعری ہو یا نثر دونوں میں دبستان عظیم آباد کا پلّہ بہت گراں ہے۔

حضرت سیّد عماد الدین قلندر پھلواروی قدس سرہٗ العزیز (۱۰۶۵ھ تا ۱۱۲۴ھ) کا رسالہ صراط مستقیم عرف سیدھا رستہ (مصنفہ ۱۰۸۱ھ) کے متعلق مشہور و معروف محقق قاضی عبدالودود فرماتے ہیں:

"...اگر یہ واقعی گیارہویں صدی کا لکھا ہوا ہے تو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس صوبہ میں نثر و نظم اردو کا اس سے قدیم تر نمونہ اس وقت تک دستیاب نہیں ہوا ہے۔" (مارچ ۱۹۳۶ء)

مشائخ، عرفاء اور پیران طریقت کا یہ عظیم المرتبت خانوادۂ عمادیہ عربی، فارسی اور اردو کی بہر طور خدمت میں اپنا ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ انہیں حضرت عماد الدین قلندر

To Read full book or download, Please subscribe to our web site

http://www.khanquahemadia.org/subscribe